سوال

عقیقہ

جواب

لڑکے کا عقیقہ ایک بکرے سے کرنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا اسلام میں لڑکے کے لیے ایک بکرے سے عقیقہ کیا جاسکتا ہے۔ کیا ایسی کوئی روایت موجود ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! نہیں احادیث مبارکہ میں عقیقے میں لڑکے کی طرف سے دو اور لڑکی کی طرف سے ایک جانور ذبح کرنے کا ہی حکم وارد ہوا ہے۔ لڑکے کی طرف سے ایک جانور ذبح کرنے کا ذکر کسی روایت میں نہیں ہے۔ سیدہ عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں: «أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ ﷺ أَنْ نُعَقَّ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَيْنِ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةً» جامع ترمذی: ۱۵۱۳؛ سنن ابن ماجہ: ۳۱۶۳ "رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری عقیقہ کریں۔" جمہور علماے کرام کا موقف ہے کہ عقیقہ سنت ہے۔ امام ابن قدامہ حنبلی بیان کرتے ہیں: «وَالْعَقِيقَةُ سُنَّةٌ فِي قَوْلِ عَامَّةِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْهُمُ ابْنُ عَبَّاسٍ وَابْنُ عُمَرَ، وَعَائِشَةَ وَفُقَهَاءِ التَّابِعِينَ وَأَئِمَّةِ أَهْلِ الْأَمْصَارِ» المغنی مع الشرح الکبیر: ۱۱ ۱۲۰ "اکثر اہل علم مثلاً ابن عباس، ابن عمر، عائشہ، فقہاے تابعین اور ائمہ کا قول ہے کہ عقیقہ سنت ہے۔" حافظ ابن قیم الجوزیۃ کا بیان ہے: «فَأَمَّا أَهْلُ الْحَدِيثِ قَاطِبَةً، وَفُقَهَاءُهُمْ وَجُمْهُورُ أَهْلِ السُّنَّةِ فَقَالُوا: هِيَ مِنْ سُنَّةِ رَسُولِ اللهِ ﷺ» تحفۃ الودود باحکام المولود: ص ۲۸ "جمیع محدثین وفقہا اور جمہور اہل سنت کہتے ہیں کہ یہ (عقیقہ) رسول اللہ ﷺ کی سنت ہے۔" ان کی دلیل سیدنا عبد اللہ بن عمروؓ سے مروی سابقہ حدیث ہے، وہ بیان کرتے ہیں: «سُئِلَ النَّبِيُّ ﷺ عَنِ الْعَقِيقَةِ، فَقَالَ: «لَا يُحِبُّ اللهُ الْعُقُوقَ، كَأَنَّهُ كَرِهَ الِاسْمَ» وَقَالَ: مَنْ وُلِدَ لَهُ وَلَدٌ فَأَحَبَّ أَنْ يَنْسُكَ عَنْهُ فَلْيَنْسُكْ» سنن ابو داود: ۲۸۴۲؛ سنن نسائی: ۴۲۱۷ "نبی ﷺ سے عقیقہ کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ عقوق کو ناپسند کرتا ہے، گویا آپ ﷺ نے یہ نام (عقیقہ) ناپسند کیا۔ پھر فرمایا: "جس کے ہاں بچہ پیدا ہو اور وہ اس کی طرف سے نسیکہ (جانور ذبح) کرنا چاہے تو نسیکہ کرے۔" اس حدیث مبارکہ سے پتہ چلتا ہے کہ 1. امام شوکانیؒ بیان کرتے ہیں: حدیث میں: «مَنْ أَحَبَّ» کے الفاظ سے عقیقہ میں اختیار دینا وجوب کو ختم کرتا ہے اور اس کو استحباب پر محمول کرنے کو متقاضی ہے۔ نیل الأوطار: ۵ 244. حافظ ابن عبد البر کہتے ہیں: اس حدیث میں «مَنْ أَحَبَّ» کے الفاظ میں اشارہ ہے کہ عقیقہ کرنا واجب نہیں بلکہ سنتِ موکدہ ہے۔ التمہید لابن عبد البر: ۴ ۳۱۱ 3. امام مالک بیان کرتے ہیں: «وَلَيْسَتِ الْعَقِيقَةُ بِوَاجِبَةٍ، وَلَكِنَّهَا يُسْتَحَبُّ الْعَمَلُ بِهَا، وَهِيَ مِنَ الْأَمْرِ الَّذِي لَمْ يَزَلْ عَلَيْهِ النَّاسُ عِنْدَنَا» موطا امام مالک: ۲۹۵ "عقیقہ واجب نہیں بلکہ مستحب عمل ہے اور ہمارے ہاں ہمیشہ سے لوگ اس پر عمل پیرا رہے ہیں۔" ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث